عیدِ دحوالارض اوراس کے اعمال

مدرسۃ القائم

عیدِ دحوالارض اوراس کے اعمال

پچیسویں ذیقعدہ کی رات

- یہ ''دحوالارض'' کی رات ہے اس رات میں خانہ کعبہ کے نیچے زمین پانی پر بچھائی گئی تھی۔
- یہ بڑی فضیلت والی رات ہے اس میں اللہ تعالیٰ کی رحمت نازل ہوتی ہے۔
- لہذا اس میں مصروف عبادت رہنا باعث اجروثواب ہے۔
- حسن بن علی وشا سے روایت ہے کہ میں چھوٹا ہی تھا کہ ایک مرتبہ ۲۵ ذیقعدہ کی رات کو اپنے والد کے ساتھ امام علی رضاؑ کے ہاں گیا اور رات کا کھانا امامؑ کے ساتھ کھایا۔
- تب آپؑ نے فرمایا کہ آج کی رات ہی میں حضرت ابراہیمؑ اور حضرت عیسیٰؑ پیدا ہوئے اور زمین کو خانہ کعبہ کے نیچے بچھایا گیا۔
- پس جو شخص اس دن روزہ رکھے تو وہ ایسا ہوگا کہ اس نے ساٹھ مہینوں کے روزے رکھے ہیں۔
- ایک روایت کے مطابق آپ نے فرمایا کہ وہ یہی دن ہوگا جب قائم آل محمدؑ کا قیام شروع ہوگا۔

پچیسویں ذیقعدہ کا دن

- یہ سال بھر کے ان چار دنوں میں سے ایک ہے کہ جن میں روزہ رکھنے کی خاص فضیلت ہے۔
- ایک روایت میں ہے کہ اس دن کا روزہ ستر سال کے روزوں کی مانند ہے۔
- ایک روایت میں ہے کہ اس دن کا روزہ ستر سال کے گناہوں کا کفارہ ہے۔
- جو شخص اس دن روزہ رکھے اور اس کی رات میں عبادت کرے تو اس کے لیے سو سال کی عبادت لکھی جائے گی۔
- 25 ذیقعدہ کے دن روزہ رکھنے والے کے لیے ہر وہ چیز استغفار کرے گی جو زمین و آسمان میں ہے۔
- یہ وہ دن ہے جس میں خدا کی رحمت دنیا میں عام ہوتی ہے، اس دن ذکر و عبادت کے جمع کرنے کا بہت بڑا اجر ہے۔

مدرسة القائمؑ

25 ذیقعدہ کے دن کی نماز

یہ دو رکعت نماز ہے ہر رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد پانچ مرتبہ سورۃ الشّمس پڑھے

اور نماز کا سلام پڑھنے کے بعد یہ دعا پڑھے:

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ نہیں کوئی طاقت وقوت مگر وہ جو بلند و برتر خدا سے ملتی ہے۔

پھر دعا مانگے اور یہ پڑھے:

يَا مُقِيْلَ الْعَثَرَاتِ اَقِلْنِيْ عَثْرَتِيْ	اے لغزشوں کے معاف کرنے والے، میری ہر لغزش معاف فرما
يَا مُجِيْبَ الدَّعْوَاتِ اَجِبْ دَعْوَتِيْ ،	اے دعاؤں کے قبول کرنے والے میری دعا قبول کرلے
يَا سَامِعَ الْاَصْوَاتِ	اے آوازوں کے سننے والے
اِسْمَعْ صَوْتِيْ ، وَارْحَمْنِيْ	میری آواز سن لے مجھ پر رحم کر
وَ تَجَاوَزْ عَنْ سَيِّئَاتِيْ وَمَا عِنْدِيْ،	میرے گناہوں اور جو کچھ مجھ سے سرزد ہوا ہے اس سے درگزر فرما
يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ	اے جلالت اور بزرگی کے مالک۔

◀◀ میر داماد نے اپنے رسالہ اربعہ ایام میں دحوالارض کے دن کے اعمال میں فرمایا ہے کہ آج کے دن امام علی رضاؑ کی زیارت کرنا مستحب اعمال میں سے ہے اور مسنون آداب کے ساتھ مؤکد ہے اسی طرح امام علی رضاؑ کی زیارت پہلی رجب کو بھی زیادہ تاکیدی ہے۔

◀◀ ایک اہم ترین دعا جو کہ 25 ذیقعدہ کے اعمال کے حوالے سے مفاتیح الجنان میں موجود ہے اس دعا کے پڑھنے کی بہت فضیلت ہے اور یہ دعا ان الفاظ کے ساتھ شروع ہو رہی ہے۔

اَللّٰهُمَّ دَاحِيَ الْكَعْبَةِ اے اللہ! اے زمین کعبہ کے بچھانے والے دانے کو شگافتہ کرنے والے سختی دور کرنے والے اور ہر تنگی سے نکالنے والے۔

☆ شب 25 ذیقعدہ اور 25 ذیقعدہ کے اعمال کا خلاصہ

☆ عبادت میں مصروف رہنا ☆ روزہ ☆ نماز ☆ استغفار ☆ کثرت سے درود